شمارہ نمبر 41 کے ٹوٹل دو صفحات ہیں

صفحہ نمبر 2 پر معذرت میں تحریر موجود ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ

ولقد نصرکم اللہ ببدر وانتم اذلۃ

بدر

قادیان

BADR — QADIAN

قادیان ضلع گورداسپور

عام قیمت پیشگی ۶؍ ۱۲

آں مسیح دور آخر مہدی آخر زمان | رجسٹرڈ نمبر ایل ۲۰۰ | سر ایجہان منتظر خوش باش کآمد ولستان

نمبر ۴۱ — ۲۲ر شعبان ۱۳۲۴ھ علیٰ صاحبہا التحیۃ والسلام مطابق ۱۱ر اکتوبر ۱۹۰۶ء — نمبر ۴۱

سلسلۃ القدیم جلد ۵ — سلسلۃ الجدید جلد ۲

دوا بینی ۔ شفا بینی غرض دارالامان بینی | ایڈیٹر محمد صادق عفی اللہ عنہ | ہر چہ گویم با تو گرائی چہار قادیان بینی

بدر مسیح

۲۲ر شعبان ۱۳۲۴ھ مطابق ۱۱ر اکتوبر ۱۹۰۶ء

خدا کی تازہ وحی

۹۔ اکتوبر ۱۹۰۶ء۔ مَیں نے آج رات خواب مین دیکھا کہ میرا بھائی مرزا غلام قادر مرحوم ایک مضبوط گھوڑے پر سوار ہے اور مَیں نے خیال کیا کہ یہ فرشتہ ہے اور لفظ قادر کی مناسبت سے اُس شکل پر ظاہر ہوا ہے اور مین اس کے آگے اس قدر دوڑتا ہون کہ گھوڑا پیچھے رہ جاتا ہے اس کے بعد ہم شہر مین داخل ہو گئے اور وہ فرشتہ جو میرے بھائی کی شکل پر تھا گھوڑے پر سے اُتر آیا اور اس کے ہاتھ مین ایک تازیانہ ہے اور ایک مضبوط سپاہی قوی ہیکل شکل مین ہے اور ہم نے شہر مین ایک طرف جانے کا ارادہ کیا گویا کوئی کام ہے یا کوئی خدمت ہے جو اس فرشتہ نے بجا لانی ہے بعد اس کے الہام ہوا۔ اے عبدالحکیم خدا تعالیٰ تجھے ہر ایک ضرر سے بچاوے۔ اندھا ہونے اور مفلوج ہونے اور مجذوم ہونے سے۔ اور میرے دل مین ڈالا گیا کہ عبدالحکیم میرا نام رکھا گیا ہے۔ خلاصہ مطلب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی حکمت اور مصلحت نہین چاہتی کہ ان بیماریون مین سے کوئی بیماری میرے لاحق حال ہو۔ کیونکہ اس میں شماتت اعدا ہے۔

رمضان المبارک کی سحری اور افطار کے اوقات

یوم	تاریخ چاند ۱۳۲۴ھ	تاریخ انگریزی ۱۹۰۶ء	وقت انتہائی سحر		وقت افطار	
			گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
سبت	یکم رمضان	۲۰ر اکتوبر	۴	۳۴	۵	۳۳
احد	۲	۲۱	۴	۳۵	۵	۳۲
اثنین	۳	۲۲	۴	۳۶	۵	۳۱
ثلاثہ	۴	۲۳	۴	۳۷	۵	۳۰
اربعہ	۵	۲۴	۴	۳۸	۵	۳۰
خمیس	۶	۲۵	۴	۳۸	۵	۲۹
جمعہ	۷	۲۶	۴	۳۹	۵	۲۸
سبت	۸	۲۷	۴	۴۰	۵	۲۷
احد	۹	۲۸	۴	۴۱	۵	۲۷
اثنین	۱۰	۲۹	۴	۴۱	۵	۲۶
ثلاثہ	۱۱	۳۰	۴	۴۲	۵	۲۶
اربعہ	۱۲	۳۱	۴	۴۲	۵	۲۵
خمیس	۱۳	نومبر	۴	۴۳	۵	۲۵
جمعہ	۱۴	۲	۴	۴۳	۵	۲۴
سبت	۱۵	۳	۴	۴۴	۵	۲۳
احد	۱۶	۴	۴	۴۵	۵	۲۳
اثنین	۱۷	۵	۴	۴۵	۵	۲۲
ثلاثہ	۱۸	۶	۴	۴۶	۵	۲۱
اربعہ	۱۹	۷	۴	۴۷	۵	۲۰
خمیس	۲۰	۸	۴	۴۸	۵	۱۹
جمعہ	۲۱	۹	۴	۴۹	۵	۱۹
سبت	۲۲	۱۰	۴	۴۹	۵	۱۸
احد	۲۳	۱۱	۴	۵۰	۵	۱۸
اثنین	۲۴	۱۲	۴	۵۰	۵	۱۷
ثلاثہ	۲۵	۱۳	۴	۵۱	۵	۱۷
اربعہ	۲۶	۱۴	۴	۵۱	۵	۱۷
خمیس	۲۷	۱۵	۴	۵۱	۵	۱۶
جمعہ	۲۸	۱۶	۴	۵۲	۵	۱۶
سبت	۲۹	۱۷	۴	۵۲	۵	۱۶

نوٹ ۱ء وقت سحر اور وقت افطار اسی روزہ کا وقت سحر اور وقت افطار ہے۔ کیونکہ اسلامی جنتری کے مطابق یکم تاریخ اُسی وقت سے شروع ہو جاتی ہے۔ جس وقت کہ چاند نظر آجاوے اور سحر کا وقت اس دن میں شمار کیا جاتا ہے۔ جو سورج نکلنے پر آنے والا ہو رات دن چوبیس ۲۴ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ جس میں رات پہلے آتی ہے اور دن پیچھے۔

نوٹ ۲ء۔ یہ اوقات سحر اور افطار کے ایک معتبر جنتری سے نقل کر کے لکھے گئے ہیں۔ مگر مختلف شہروں کے اوقات میں کچھ نہ کچھ فرق ہوتا ہے اور نیز ریل کے وقت اور اصلی مقامی وقت میں ہر جگہ فرق ہوتا ہے۔ اس واسطے بہتر یہ ہے۔ کہ عمدہ صحیح گھڑی کے ذریعہ سے پہلے روز وقت کا اندازہ کر لیا جاوے۔ اور پھر اس پر ایک دو منٹ مطابق نقشہ کے بڑھا گھٹا لئے جاویں۔

معذرت

ناظرین حیران ہوں گے کہ اس ہفتہ کا اخبار بجائے سولہ ۱۶ صفحہ کے صرف دو ۲ صفحہ کا ہے اور نہایت مختصر۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ حضرت اقدس کی کتاب حقیقۃ الوحی کا مضمون تمام ہو کر کا بیان سب لکھی جا چکی ہیں۔ اور بہت سی کا بیان جمع ہیں اور کتاب کا جلد شائع کرنا ضروری ہے اس واسطے چند اوراق کتاب مذکور کے اخبار بدر کے مطبع میں چھپتے ہیں۔ چونکہ مطبع بدر میں چھاپنے کی کل (یعنی چھاپہ) صرف ایک ہی ہے اور اخبار کا کام اتنا بڑھا ہوا ہے کہ بمشکل ہفتہ بھر میں اخبار ہی چھپ سکتا ہے۔ اس واسطے یا کتاب چھپتی یا اخبار۔ چونکہ کتاب کا کام مقدم تھا۔ اس واسطے اخبار نہ چھپ سکا۔ تاہم احباب کو اس تشویش سے بچانے کے واسطے کہ اخبار حسب معمول کیوں وقت پر نہیں نکلا جیسا کچھ ہو سکا۔ کتاب کی چھپائی سے تھوڑا بہت وقت نکال کر اسی چھاپہ پر ایک اخبار بھی نکالا گیا۔ اور تازہ الہام اور خواب حضرت مسیح سے احباب کو اطلاع کی گئی۔ اور چونکہ رمضان شریف بہت قریب ہے۔ اس واسطے اس مبارک ماہ میں اوقات سحر اور اوقات افطار بھی درج کئے گئے۔ چونکہ اخبار کچھ عرصہ سے بجائے ۱۲ صفحوں کے سولہ ۱۶ صفحوں پر نکلتا ہے اس واسطے امید ہے کہ اس دفعہ کی کمی کو احباب معاف رکھیں گے۔ جب اللہ تعالیٰ کارخانہ کو بہت ترقی عطا فرما دیگا۔ تو اور اتنی گنجائش ہو جاوے گی۔ کہ متعدد کلیں خرید کر لی جاویں۔ تب انشاء اللہ ایسی دقتیں رفع ہو سکیں گی۔ سردست تو خود اخبار کے چلانے کے واسطے بھی احباب کی بہت توجہ درکار ہے۔

درخواست دعا

خاکسار چند روز سے بخار میں مبتلا ہے۔ اس لئے احمدی احباب سے درخواست دعا ہے۔ کہ اللہ کریم محض اپنے فضل و کرم سے صحت عطا فرما دے۔ آمین۔

خاکسار محمد حسین کاتب اخبار بدر قادیان
۹ اکتوبر ۱۹۰۶ء

بدر پریس قادیان میں میاں معراج الدین عمر کے لئے چھاپا گیا